## سوال

(260) تشہد میں شہادت کی اُنگلی کو کس وقت حرکت دی جائے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تشہد میں شہادت کی اُنگلی کو کس وقت حرکت دی جائے ۔ اَشْهَدُ اَن لَّا اِلٰه اِلاَّ اللّٰہُ پر یا جیسے ہی التحیات شروع کریں ۔ (حافظ محمد فاروق تبسم)

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

تشہد بیٹھتے التحیات شروع کرتے ہی اُنگلی اُٹھالے کیونکہ حدیث میں آیا ہے : ((اِذَا جَلَسَ لِلتَّشَهُّدِ رَفَعَ اِصْبَعَهُ السبابة)) 1[ ''جب آپ تشہد کے لیے بیٹھتے تو شہادت کی اُنگلی اُٹھاتے ۔ ''] اور نحو ذلک من الألفاظ ، اِلاَّ اللّٰہُ پر اُنگلی اُٹھانے کی کوئی آیت یا صحیح حدیث مجھے معلوم نہیں ۔ ۲ ۳ ۱۴۲۱ھ

1 مسلم المساجد باب صفة الجلوس فی الصلاة

[فتاویٰ علمائے حدیث](#)

**جلد 04**